करके बोल सकेंगे और अपने ख्यालात ठीक तरह से हाअुस के सामने रख सकेंगे। पहले तफसीलात बताने से जो काम होगा वह कटमोशन के जवाब मे तफसीलात बताने से नहीं होनेवाला है। बॉम्बे का जो फायनान्स मॅन्युअल है अुसमें यह बताया गया है कि यदि किसी स्कीम पर बहुत ज्यादा रुपये अेकाद साल में खर्च किये जा रहे हों, तो अुसे नअी स्कीम मानना चाहिये। पहले अिस पर पांच लाख रुपये खर्च किये जा रहे थे, और अब अेकदम २१ लाख रुपये खर्च किये जा रहे हैं। यानी अेकदम पांच गुना अमाअुंट बढ गया है। तो अिसे न्यू आयटम ही मानना चाहिये। ८३ में डिविजन नहीं किया गया है। ७८ भी सब-डिवाअिड नहीं किया गया है। अिस लिये अुसे भी मुव्ह नहीं किया जा सकता है। अब सवाल सिर्फ ३२ अॅग्रिकल्चर का रहता है। वह सब डिवाअिड किया गया होगा, लेकिन मैं चाहता हूं कि अुसे ही अकेले को क्यों लिया जाय? सिर्फ ३२ अॅग्रिकल्चर को सब डिवाअिड किया गया है। अितने से १६९ रूलसे सुबकदोशी नहीं हासिल हो सकती। आपने टेकनिकल सुबकदोशी पाअी है फिर भी जितने डीटेल्स दिये जाने चाहिये थे अुतने नहीं दिये गये हैं। ग्रो मोअर फुड के लिये भी रकम मांगी जा रही है। बार बार यह कहा जाता है कि हम ज्यादा रकम मांगते हैं लेकिन फायनान्स डिपार्टमेंट देता नहीं है। लेकिन अैसे काम के लिये रकम न देना ठीक नहीं है। हमारे यहां ट्रॅक्टर की बहुत जरूरत है। अुसके लिये जो ४० हजार रुपये की अिमदाद दी जाती है वह बहुत कम है। हाअुस को डीटेल्स देना जरूरी है।

मुझे यह साफ साफ कहना है कि फायनान्स डिपार्टमेंट अिज शोअींग डिसक्रेडिट टू दि हाअुस (Finance Department is showing discredit to the House) हमारे सामने जो भी डिमांड्स आती हैं अुनकी पूरी तफसीलात हाअुस को मिलनी चाहिये अैसा हमने कितने बार कहा, लेकिन फायनान्स डिपार्टमेंट जानबूझकर अुस तरफ कोअी ध्यान नहीं दे रहा है। और हमसे गुरेज कर रहा है। तमाम डीटेल्स नहीं दिये जाते हैं। अुनका अैसा ख्याल है कि यहां जो अेम्. अेल. अेज. बैठते है अुन्हें कुछ समझता नहीं है, और वे चाहे वैसा अुन्हें नचा सकते हैं। ३२ अॅग्रिकल्चर के बारे में मुझे कहना है कि अुसमें भी ४० लाखकी रकम मुव्ह नहीं कर सकते। जिस तरह मैंने पहले बताया है कि ४९, ७० और ७८ मुव्ह नहीं कर सकते। अुसी तरह ८३ भी मुव्ह नहीं किया जा सकता। और अुसी तरह ५ लाख के बारे में भी रूल १७० के तहत दो या तीन दिन की नोटीस देना जरूरी है। आप सब डीटेल्स नहीं दे सकते हैं अिस बात को मानने के लिये मैं तो तैयार नहीं हूं। तुंगभद्रा के सिलसिले में जो किताबें छपाअी गअी हैं, अुसमे डीटेल्स आये हैं, लेकिन आपके फायनान्स डिपार्टमेंट का यह ख्याल है कि डीटेल्स देने की जरूरत नहीं है, और जितने डीटेल्स दिये जाते हैं अुतने ही काफी हैं।

आपके काम को हलका करने के लिये मैं फिर से अेक बार साफ तौर पर कहना चाहता हूं कि डिमांड ४९,७०,७८ और ८३ मुव्ह नहीं किये जा सकते। डिमांड ३२ में पांच लाखका आयटम मुव्ह नहीं किया जा सकता। ४० लाख का भी आयटम मुव्ह नहीं किया जा सकता। अिन सब हालात के लिहाज से ३२ डिमांड को भी मुव्ह करना ठीक न होगा।

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کیا دوسرے ڈیمانڈس سب ڈیوائڈ (Sub-divide) نہیں کئے گئے ہیں ؟

श्री वि. के. कोरटकर :—सब डिवाअिड करने की जरूरत नहीं है। १० लाख रूपये फुड ग्रेन्स में जो लॉस होगा अुसके लिये रखे गये हैं। अिसमें कितना खर्चा होगा यह पहले नहीं बताया जा सकता।

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - فینانس منسٹر نے جو وضاحت کی ھے اوسکی روشنی میں میں سمجھتا ھوں کہ یہ جو ڈیمانڈ پیش کیا گیا ھے اسکے متعلق یہ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ ٹکنیکلی (Technically) درست نہیں ھے - اس قسم کے جتنے ڈیمانڈس ھیں اونکے ڈیٹیلس (details) نہیں دئے جاسکتے -

श्री व्ही. डी. देशपांडे :—क्या कम्युनिटि प्रॉजेक्ट के डीटेल्स नहीं दिये जा सकते ?

ڈاکٹر چنا ریڈی - آئندہ آنے والی چیزوں کی تفصیل کیسے دیجاسکتی ھے -

श्री व्ही. डी. देशपांडे :—बजेट जो पेश होता है वह कोअी अॅक्चूअल खर्चा नहीं होता है बल्कि अेस्टिमेंट ही हुवा करता है।

ڈاکٹر چنا ریڈی - فینانس منسٹر کی تقریر میں وضاحت کیگئی ھے اس لحاظ سے ویسے ڈیمانڈس ورک اوٹ (work out) ھوجائینگے -

شری اناجی راؤ گوانے - کمیونٹی پراجکٹ پر جو خرچہ بتلایا گیا ھے میری سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کونسی مشکلات تھیں جن کی وجہ سے یہ نہیں بتایا جاسکتا تھا کہ کونسی اسکمیں شروع ھونے والی ھیں ، کونسا کام کیا جانے والا ھے - اسٹیٹمنٹ آف اکسپنڈیچر (Statement of expenditure) برابر بتایا جاسکتا تھا - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اسطرح لمپسم بتلانے کیلئے کونسی مشکل آپڑی تھی کیونکہ ایسی صورت میں تو اس پر ڈسکشن نہیں ھوسکا - ھر ڈسٹرکٹ کے نمائندے یہاں اپنی مانگیں پیش کرنے کیلئے آتے ھیں - وہ اپنے وچار ھاؤس کے سامنے پیش کرتے ھیں کہ اسطرح ھونا چاھئے - اسطرح نہونا چاھئے - جب تک کہ آیٹمس کی تفصیل نہ دیجائے وہ ڈسکشن میں کسطرح حصہ لے سکتے ھیں - ڈیٹیلس دینے میں کوئی مشکلات بھی نہیں تھیں - جیسا کہ آنریبل فینانس منسٹر نے سجھاؤ رکھا ھے ڈیٹیلس پہلے یہاں پیش کئے جائیں اسکے بعد ھمیں ان پر غور کرنے کیلئے کافی وقت دیا جائے تو مناسب ھوگا - ورنہ ھم اس ڈسکشن میں کوئی حصہ ھی نہیں لے سکتے - متعلقہ منسٹرس ایک ایک ڈیمانڈ کے متعلق پوری تفصیلات ھاؤس کے سامنے رکھ سکتے ھیں - اسکے بعد ان ڈیمانڈس پر غور کرنے کیلئے وقت مقرر کیا جاسکتا ھے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - اس اصول کو آنریبل فینانس منسٹر نے مان لیا ھیکہ حتی الامکان ڈیٹیلس دینے کی کوشش کی جائیگی اس اصول کو انہوں نے صاف طور پر رکھا ھے - اسکی روشنی میں میں سمجھتا ھونکہ اب ڈیمانڈس پیش کئے جاسکتے ھیں - البتہ ۵ لاکھ روپیے کا جو ایٹم ھے اسے اسپیشل سرکم اسٹانسس (Special Circumstances) کے تحت اکسکلوڈ (Exclude) کیا جائے - بقیہ ڈیمانڈس پر بحث ھوسکتی ھے -

Shri V. D. Deshpande: Mr. Speaker, Sir, on behalf of the P. D. F. I wish to state that as long as the details are not given, we are unable to participate in the discussion of these demands for grants. We take this matter seriously and wish to

inform the house that we are not going to tolerate this indifferent attitude of the Government towards the opposition and in this way insult it. To express our feelings, we have decided not to participate in this debate as long as the details are not given to us.

(The members of the P.D.F. led by Shri V. D. Deshpande then left the House).

شری اناجی راؤ گوانے - ابھی آنریبل لیڈر آف دی اپوزیشن نے جن خیالات کو هاؤس کے سامنے رکھا هے میں بھی یو-پی-پی کی طرف سے یہ کہنے پر مجبور ہوں کہ گزشتہ سال بھی ہمارے سامنے یہی صورت حال تھی - اور یہ ظاہر ہے کہ ڈپارٹمنٹ پرٹیکولرلی (Particularly) هاؤس کی کیر (Care) نہیں کرتا اسی لئے وہ ڈیٹیلس ہمارے سامنے نہیں رکھتا - ڈیٹیلس دینے کے اصول کو جب حکومت ماننے کیلئے تیار نہیں توهم بھی اس ڈیبیٹ میں حصہ نہیں لے سکتے -

(The Members of the U.P.P. led by Shri Annajirao Gavane then left the House).

Mr. Deputy Speaker: The hon. Minister may move his demands for grants.

Demand No. 32—*Agriculture*—*Rs*. 72,35,420.

Dr. Chenna Reddy: I beg to move:

"That a sum not exceeding Rs. 72,35,420 under Demand No. 32 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year endig 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Deputy Speaker: Motion moved.

Demand No. 49—*Food Administration*—*Rs*. 10,00,000

Dr. Chenna Reddy: I beg to move:

"That a sum not exceeding Rs. 10,00,000 under Demand No. 49 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Deputy Speaker: Motion moved.

Demand No. 70—Contribution to Agricultural Improvement Funds—Rs. 3,02,000.

Dr. Chenna Reddy: I beg to move:

"That a sum not exceeding Rs. 3,02,000 under Demand No. 70 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Deputy Speaker: Motion moved.

Demand No. 78—Development under Thungabhadra Project—Rs. 21,43,000.

Dr. Chenna Reddy; I beg to move:

"That a sum not exceeding Rs. 21,43,000 under Demand No. 78 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Deputy Speaker: Motion moved.

Demand No. 83—Community Development Projects Rs. 81,41,000.

Dr. Chenna Reddy: I beg to move:

"That a sum not exceeding Rs. 81,41,000 under Demand No. 83 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr. Deputy Speaker: Motion moved.

As there are no Members to move the cut motions tabled by them the Hon. Minister may speak on his demands.

ڈاکٹر۔ چنا ریڈی۔ مسٹر اسپیکر سر۔ میں نے ابھی ھاؤس کے سامنے ۰ ڈیمانڈس موو کئے ھیں۔ اور ۰ لاکھ کے ڈیمانڈ کے لئے جو تاریخ مقرر کی جائے گی اس وقت وہ ڈیمانڈ موو کیا جائیگا۔ مابقی ڈیمانڈس میں ڈیمانڈ نمبر (۳٦) اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کے سلسلے میں

ہے ۔ اس سلسلے میں ، میں اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کے کام سے متعلق کچھ وضاحت کردینا چاہتا ہوں ۔ گذشتہ سال اور چار پانچ سال سے جی ۔ یم ۔ یف کیمپین (G.M.F. Campaign) کے سلسلے میں آل انڈیا لیول پر جوکام ہو رہا ہے اس کے نتیجے کے طور پر کافی ڈیولپمنٹ ہوا ہے ۔ سرپلس کنٹریز (Surplus Countries) کے سلسلے میں پاکستان کی مثال آپ کے سامنے رکھوں گا ۔ اگریکلچرل امپروومنٹ (Agricultural Improvement) کے سلسلے میں جس ڈھنگ سے یہاں کام ہوا ہے اور جی ۔ یم ۔ یف کیمپین میں لوگوں نے اورکاشتکاروں نے جس طریقہ سے ہاتھ بٹایا ہے اس کے لئے وہ قابل مبارکباد ہیں ۔ گذشتہ سال کے مقابلہ میں دھان اور جوار کی کاشت میں ہر ایک میں ۲۰ لاکھ ایکر کا اضافہ ہوا ہے ۔ اس کے نتیجے کے طور پر باہر سے ہم جو اناج کی بڑی مقدار امپورٹ (Import) کرنے پر مجبور تھے اس میں کافی کمی ہوگئی ۔ اور اس طرح ہمیں اپنے معاشی حالات کو صحیح طریقے سے سدھارنے میں مدد ملی ہے ۔ اور اسی کا نتیجہ ہے کہ جوار کو سارے ہندوستان میں ڈی کنٹرول کیا گیا ۔ اور چاول کی حد تک جگہ جگہ اس قدر بہتر صورت پیدا ہوگئی ہے کہ حیدرآباد جو ایک ڈفسٹ اسٹیٹ (Deficit State) کہلاتا تھا اس کے برعکس اب یہاں کافی اسٹاک محفوظ ہوچکا ہے ۔ اور تابی کراپ جو مہینے دیڑھ مہینے میں تیار ہوجانے والی ہے اس کے لئے کاشتکاروں کو ایک حد تک پریشانی بھی ہے کہ انہیں کنٹرول سے کہیں کم قیمت نہ ملے ۔ لیکن گورنمنٹ کاشتکاروں کو یہ وشواس دلاتی ہے کہ انہیں کم ازکم کنٹرول کی قیمت تو دلائی جائے گی ۔ اس وقت چاول کی حد تک ہمارے گوداموں میں ۲۷ ہزار ٹن کا اسٹاک موجود ہے ۔ جنوری ۵۴ء میں ایک ہزار آٹھ سو یا نو سو کے درمیان ماھانہ خرچہ ہوا ہے ۔ اور ڈی کنٹرول کے بعد سے ہمارا آف ٹیک (Off take) ۷۶ ٹن ماھانہ یا دیڑھ سو ٹن کے حساب سے ہے ۔ اس لحاظ سے ہمارے پاس اس وقت جو اسٹاک محفوظ ہے وہ ۲۰ سال تک کافی ہوسکتا ہے ۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ کاشتکاروں نے ہمارے بتائے ہوئے نئے طریقوں کو اڈاپٹ (Adopt) کیا ۔ اور جہاں پیداوار ۱۰۰۰-۱۵۰۰ من یا ۱۰۰۰-۱۲۰۰ پونڈ ہوتی تھی اب وہاں جی ۔ ایم ۔ یف کے تحت ۱۰۸۳۷ پونڈ فی ایکر پیداوار ہوئی ہے ۔ اور یہ کاشتکاروں کے جی ۔ ایم ۔ ایف کیمپین کو اپنانے کا نتیجہ ہے ۔ یہ اس امر کی دلیل ہے کہ ہمارے کاشتکار ان چیزوں کو اختیار کر کے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ سے کافی فائدہ اٹھائے ہیں ۔ اس طرح اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ پر ہمارا جو خرچہ ہو رہا ہے اس کا ڈیویڈنڈ (Dividend) ہماری کنٹری (Country) کو بہتر بنانے میں مل رہا ہے ۔

میں ان چند اسکیموں کے بارے میں عرض کروں گا جنہیں اس سال حیدرآباد میں نئے طور پر لیا جا رہا ہے ۔ میں یہ بتلانا چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں ہم فوڈ گرینس (Food Grains) کے اسٹیج (Stage) سے آگے گذر چکے ہیں ۔ اور ہم اس پر غور کر رہے ہیں کہ دوسری چیزوں کی حد تک کاشتکاروں کی حالت کو کس طرح سدھارا جا سکتا ہے ۔ ہم کاشتکاروں کے موقف کو مضبوط سے مضبوط تر

بنانے کی کوشش کرر ہے ھیں - اس سال نئی اسکیمس میں شوگر کین ریسرچ اسکیم (Sugarcane research scheme) شریک ہے - اس پر تقریباً ایک لاکھ روپے کا خرچہ ورک آوٹ ھوا ہے۔ اس لحاظ سے اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ نے ایک نیا ٹرن (Turn) لیا ہے - ان اسکیموں پر امفاسس (Emphasis) دیگر کاشتکاروں کی حالت سدھارنے کی جانب توجه کی جا رہی ہے - اس کے علاوہ حیدرآباد میں اور خاص طور پر مرھٹواڑہ میں چونکہ کپاس کی پیداوار کو کافی اھمیت حاصل ہے - فائیو ایر پلان میں بھی اس کا انکریزڈ ایکریج ٹارگٹ (Increased acreage target) اور انکریزڈ پروڈکشن ٹارگٹ (Increased production target) رکھا گیا ہے - اس کو حیدرآباد میں ڈیڑھ سال کے عرصه میں پورا کر دیا گیا - اور ورائیٹیز (Varieties) میں بھی کافی امپروومنٹ (Improvement) ھوا ہے - کاٹن کنٹری بیوشن فنڈ کمیٹی (Cotton contribution Fund Committee) جو ناندیڑ میں ہے اس کے ذریعه حکومت ریسرچ کا کام کر رہی ہے - چنانچه اس کے تحت ۱۰۰ ایکر کا رقبه لیا گیا ہے - اس کے لئے ۴۰ هزار کا ایرلی گرانٹ (Yearly grant) لیکر سیڈ گروئینگ (Seed growing) کر کے سیڈس (Seeds) دینے کا کام کیا جا رھا ہے - اور گورانی ٦ اور گورانی ۱۲ میں اور بھی امپروومنٹ (Improvement) کر کے کاشتکاروں کی ضروریات کی تکمیل کرنا پیش نظر ہے - اس کے ساتھ ساتھ کاٹن مرچنٹس اور ٹکسٹائیل ملز کی ضروریات کو بھی ملحوظ رکھا جاتا ہے - میں اس سلسلے میں مزید تفصیلات هاؤس کے سامنے رکھکر هاؤس کا زیادہ وقت لینے کی کوشش نہیں کروں گا - میں نے یه دو چیزیں خاص طور پر اس لئے عرض کی هیں که هاؤس کو اشارے کے طور پر یه معلوم هو که فوڈ گرینس کے ساتھ ساتھ دوسرے کراپس کے امپروومنٹ کے بارے میں کیا کام کیا گیا ہے -

عام طور پر یه کہا جاتا ہے که اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ سے پبلک کا کو آپریشن نہیں ہے - پبلک موبلا ئزیشن (Public mobilization) جس ڈھنگ سے ھونا چاھیئے وہ نہیں ھوتا - اس بارے میں میں یه عرض کرنا چاھتا ھوں که جو ریسرچ ورک ھوتا ہے اسے عام کاشتکاروں کو ان کی اپنی زبان میں نه سمجھایا جائے تو کانٹیویشن میں ترقی نہیں ھوسکتی - اس لئے ڈپارٹمنٹ یه کوشش کر رھا ہے که جہاں کاشتکار زیادہ تعداد میں هیں ، جہاں کھیت زیادہ هیں وهاں اس امر کی تشہیر کی جائے اور کاشتکاروں کو ریسرچ ورک سمجھایا جائے - چنانچه ڈپارٹمنٹ نے اس سلسله میں ایک اسکیم ورک اوٹ کی ہے - عام طور پر یه رجحان رھتا ہے که ٹریننگ حاصل کرنے یا ڈگری لینے کے بعد نوکری کی جائے لیکن اس اسپریشن کو بھی دور کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - ٹریننگ دینے کے لئے ایک کمیٹی قائم کی گئی ہے جس میں اس هاؤز کے آنریبل ممبرس بھی هیں - آئندہ دو مہینوں میں اس اسکیم کو چلایا جائیگا - اس ٹریننگ کلاس میں کم از کم ۵۰ کاشتکار هوں گے - اس ٹریننگ کورس کی مدت تین هفتے رکھی

گئی ہے - ان کانتکاروں کے لئے جو اس ٹریننگ اسکیم میں شرکت کریں گے ، بورڈنگ (Boarding) اور لا جنگ (Lodging)کا بھی انتظام کیا گیا ہے - اور یہ بھی انتظام کیا گیا ہے کہ اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے ساتھ ساتھ دوسرے محکمہ جات سے بھی انہیں واقف کرایا جائے۔

عام طور پر یہ دیکھا جاتا ہے کہ جو لوگ ڈگری حاصل کرتے ہیں ان کی تمام تر توجہ نوکری حاصل کرنے کی طرف ہوتی ہے - اس رجحان کو بھی ہمارے ملک میں بدلنے کی ضرورت ہے کیونکہ حکومت کے ڈپارٹمنٹس میں جاکر نوکری کرنا ہی قومی ترقی کا مقصد نہیں ہوسکتا اور نہ اس سے ترقی حاصل ہوسکتی ہے - اس لئے اس اسکیم کو بنایا گیا ہے -

اس کے ساتھ ساتھ جگہ جگہ پر ہمارے اکسپریمنٹل فارمس(Experimental farms) قائم کئے گئے ہیں- چنانچہ اس هاؤز کے آنریبل ممبرس اور دوسرے لوگ جنہوں نے ہمارے حمایت ساگر فارم کو دیکھا ہے اس سے متعلق انہوں نے کافی دلچسپی کا اظہار کیا ہے - اس بارے میں ، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہندوستان کے دوچار اسٹیٹس میں ہی ایسا کام ہورہا ہے جن میں سے حیدرآباد بھی ایک اسٹیٹ ہے لیکن فینانشیل لیمیٹیشنس (Financial Limitations) کی وجہ سے جس ڈھنگ سے یہ کام کرنا چاہتے تھے وہ پورے طور پر نہیں کررہے ہیں- اور یہ کہ ابھی ابھی چھوٹے چھوٹے ڈسٹرس جو تعلقہ کوآپریٹیو سوسائٹیز اور ٹاکا کے نام پر اگریکلچر کو آپریٹیو اسوسی ایشنس ہیں وہ اس اسکیم کو بہت سہولت کے ساتھ کررہے ہیں- چنانچہ اگریکلچر ڈپارٹمنٹ نے یہ طے کیا ہے کہ بغیر کسی ٹکنیکل سپرویژن کے فارمرس کوآپریٹیوز کے تعاون سے اس کام کے کو کامیاب طور پر چلایا جائے- ڈسٹرس جن کی قیمت ۳۰ - ۳۵ روپے اور اسپریز جنکی قیمت ۱۰۰ یا ۱۰۵ ہے ٹاکاز انہیں فراہم کرسکتے ہیں - اسی طرح ہسپا (Hispa) اور دوسری بیماریوں کا سدباب عوامی اداروں کے تعاون عمل سے کرنے کی کوشش کی جارہی ہے - ان تمام چیزوں سے یہ ہوگا کہ جو کام سوائے ہمارے اکسپرٹس کی مدد کے نہیں ہوسکتا تھا اور اس کو ٹیکنیکل اکسپرٹس (Technical Experts) ہی کرسکتے تھے وہ لوگ کرنے کے قابل ہو جائینگے -

شری وینکٹ گوپال ریڈی (میڈ چل) - کیا آنریبل منسٹر یہ بتلاسکینگے کہ اس سال کے بجٹ میں بل ڈوزرس (Bull dozers) جو استواری آراضیات کے لئے استعمال کئے جاتے ہیں ان کے لئے کس قدر رقم مہیا کی گئی ہے اور اس میں ہر ڈسٹرکٹ کا کیا پروپورشن رہے گا - اور یہ کہ مارکٹ بزنس (Market business) کس طرح کنٹرول کیا جائیگا ؟ یہ تمام تفصیلات بھی اپنی تقریر میں هاؤز کو بتلائیں تاکہ وضاحت ہوسکے -

ڈاکٹر چنا ریڈی - میں بل ڈوزرس کا ذکر بعد میں کرنا چاہتا تھا لیکن چونکہ سوال آیا ہے اس لئے ابھی عرض کردیتا ہوں - بل ڈوزرس اس سال کے لئے خریدنے

کا سوال نہیں تھا - مگر کمیونٹی پراجکٹس اور اکسٹنشن بلاکس کے سلسلہ میں جو کام ہورہا ہے اس سلسلہ میں گورنمنٹ آف انڈیا کے پاس سے ہمیں بل ڈوزرس مل گئے ہیں - تنگبھدرا پراجکٹ کے ڈیولپمنٹ اور بیدر اور ظہیرآباد کے علاقوں میں کام کرنے کے لئے پلان بنائے گئے ہیں -

میں مینیورس کا ذکر کررہا تھا - گزشتہ چند سال سے ہم یہ دیکھ رہے تھے کہ کاشتکار مینور مائنڈڈ (Manure minded) نہیں تھا - اسلئے اب مینیور کی آسانی سے دستیابی کیلئے ڈپارٹمنٹ کو خاص طور پر کام کرنا پڑا - چنانچہ اس بارے میں چار پانچ جگہوں پر ڈپارٹمنٹ کی نگرانی میں کام کرنے کیلئے سنٹرس قائم کئے گئے - اور پیاڈی فرٹلائزر مکسچر (Paddy fertilizer mixture) کے نام سے مینیور سپلائی کیا گیا - اسمیں آئیل کیک (Oil cake) - امونیم سلفیٹ (Ammonium sulphate) اور دوسرے انگریڈینٹس (Ingredients) کو ملانے کے لئے کافی دشواریاں ہوئیں - امونیم سلفیٹ کو دوسرے ممالک سے امپورٹ کرنا پڑتا تھا اس لئے کافی دشواریاں ہوئیں - لیکن سندھری فرٹلائزرس نے اسکی ہسٹری میں ایک ریولیوشن پیدا کردیا - اس سندھری فرٹلائزرس نے جسکے بارے میں بڑے شبہات تھے اتنا پروڈکشن بڑھا دیا کہ اب یہ بجائے خود ایک مسئلہ بن گیا ہے کہ اس کے پروڈکشن کو کس ڈھنگ سے کاشتکاروں میں تقسیم کیا جائے تاکہ پروڈکشن برابر جاری رہ سکے - چنانچہ حیدرآباد میں گزشتہ تین سال میں ۵-۶ ہزار ٹن پروڈکشن کو مینیور کی شکل میں استعمال کیا گیا ہے - آبی فصل میں تو ۲۰ ہزار ٹن کا پیاڈی مکسچر استعمال کیا گیا - اس بارے میں اکسپرٹس میں کچھ ڈفرنس آف اوپینین تھا - اور انکے اکراس دی ٹیبل (Across the table) ریگولر بیٹلس (Regular battles). ہوا کرتے تھے کہ اس مکسچر میں آئیل کیک کو نہ ملایا جائے - آئیل کیک کو جانوروں کے استعمال کیلئے رکھنا چاہئے - اسلئے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ نے آئیل کیک کو مینور مکسچر میں ملانا قطعی طور پر بند کردیا - لیکن پھر بھی جو مینویر بنتا ہے اسمیں نائٹروجن کنٹنٹس(Nitrogen contents) کی پوری مقدار رہتی ہے - ڈاکٹر پارتھا سارتھی جو کٹک کے اکسپرٹ ہیں خاص طور پر دعوت دینے سے ہمارے پاس آئے تھے - انہوں نے یہاں کے حالات ، کاشتکاروں کے تجربہ - مینیور کے استعمال اور خاص طور پر جاپانی میتھڈ آف کلٹیویشن (Method of cultivation) کے بارے میں جس کو ہم نے یہاں اختیار کیا ہے اور اسمیں کافی طور پر آگے بڑھے ہیں بڑی تعریف کی - انہوں نے امونیم سلفیٹ اور اسکے فاسفیٹ کے سلسلہ میں دو ایک سجیشنس بھی دئے - چنانچہ ڈپارٹمنٹ نے اس قسم کی پالیسی بھی طے کی ہے اور آئندہ آبی کی فصل میں اسکے اسٹاکس فراہم کرنے کیلئے خاص طور پر کام کیا جارہا ہے -

اس سلسلہ میں مجھے ایک چیز یہ بھی عرض کرنا ہے کہ کھاد کو جمع کرنے اور سے کاشتکاروں میں تقسیم کرنے کے مسئلہ کو کمرشیل ٹائپ (Commercial type)

پر حل کرنے کی کوشش کیجارہی ہے - ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ کام نان افیشل لوگوں ، پبلک کارکنوں کے ہاتھ میں ہو - لیکن بہرصورت مینیور میں پیورٹی (Purity) باقی رکھنے اورواجبی قیمتوں پر کاشتکاروں کو مینیور فراہم کرنے کے بارے میں ہمارے ٹیکنیکل اکسپرٹس سے آکر مشورہ کیا جائے تو وہ صحیح معنوں میں لوگوں کی مدد کرسکتے ہیں - وہ مینیور کے سلسلہ میں اپنی رائے دیتے ہیں - چنانچہ خود شہر حیدر آباد میں جو لوگ رہتے ہیں انکے پاس ۹ ہزار سے زائد انگور کی بیلیں موجود ہیں - وہ ہمارے اکسپرٹس کو مسلسل ٹیلیفون کرتے رہتے ہیں اور استفسار کرتے رہتے ہیں - واقعہ یہ ہے کہ ٹیکنیکل اڈوائس (Technical advice) دینا ہی ہمارے اکسپرٹس کا کام ہے اسلئے اگر دوسرے ادارے مینیور وغیرہ سے متعلق کام سنبھالنے کیلئے آگے بڑھیں تو مناسب ہوگا - لیکن جو بھی ادارے آگے بڑھینگے انکے لئے یہ لازمی ہوگا کہ وہ مینیور کی پیورٹی برقرار رکھیں اور واجبی قیمت پر مینیور فراہم کریں کیونکہ من مانی چیزیں مینیور میں ملاکر نفع اٹھانے کی کوشش کیجائے تو کاشتکاروں کو کھاد سے فائدہ نہیں ہوگا اور وہ چمک جائینگے - چنانچہ ڈپارٹمنٹ کی جانب سے یہ کوشش کی جارہی ہے کہ فارمرس یونین (Farmers Union) کو آگے لایا جائے یا ایسے سلکٹڈ ایجنٹس جنکے بونافائڈس (Bona fides) کے بارے میں ڈپارٹمنٹ کو اطمینان ہو دھیرے دھیرے یہ کام انکے ہاتھ میں دیا جائے ......

شری ورکانتم گوپال ریڈی - کیا قیمتیں بھی کم کی جائینگی ؟ اسکا بھی اعلان ہوتو بہتر ہوگا - اسکے ساتھ ساتھ آئیل انجنس کی قیمتوں کے متعلق بھی تفصیلات سے ہاؤز کو واقف کرایا جائے تو مناسب ہے ....

ڈاکٹر چنا ریڈی - اس بارے میں میں ابھی عرض کرتا ہوں - مینیور کنٹرول (Manure control) کوالٹی کنٹرول (Quality control) وغیرہ کے بارے میں ڈفنس آف انڈیا رولس کے تحت گورنمنٹ آف حیدر آباد کے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ کو اختیار ہے - چنانچہ اس سلسلہ میں ایک ڈرافٹ آرڈر (Draft order) بھی بنایا گیا ہے جو لیگل ڈپارٹمنٹ کو رفر (Refer) کیا گیا ہے - اسکی توثیق کے بعد یہ اعلان کیا جائیگا - ڈپارٹمنٹ کے پاس اسکا ریپریزنٹیشن ہوا کہ بعض جگہوں پر غلط چیز یں ملاکر کھاد دیا جارہا ہے - ان چیزوں کا کافی سختی کے ساتھ تدارک کرنے کی کوشش ہورہی ہے - یہ بھی جانچ کیجارہی ہے کہ کس فارمولے کے تحت کونسا مکسچر بنایا جاتا ہے - ان ساری چیزوں پر کنٹرول کرنے کیلئے مینیور پرائس اینڈ کوالیٹی کنٹرول آرڈر (Manure price and quality control order) کے نام سے ایک ڈرافٹ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا بنایا گیا ہے - اسکے تحت ہم ان چیزوں کی نگرانی کرسکینگے -

قیمتوں کی حدتک مجھے عرض کرنا ہے کہ امونیم سلفیٹ کی قیمت ۳۸۰ روپیئے تھی لیکن اس کو گھٹا کر ۳۲۰ روپیئے کردی گئی ہے اور اس سال تو اس میں اور بھی کمی ہونے کے بعد ۳۱۰ روپیئے قیمت ہوگئی ہے - اتنا ہی نہیں بلکہ سنٹرل گورنمنٹ

ریلوے ڈپارٹمنٹ سے نگوسی ایشنس (Negotiations) کررہی ہے
تاکہ تمام اسٹیٹوں میں ایک ہی یونیفارم ریٹ (Uniform rate) پر
اس کی فروخت ہوسکے - وہ اس کی قیمت کو ۹۰ ۲ روپیئے کرنا چاہتی ہے - وہ ایسا سوچ
رہی ہے - لیکن ریلوے ڈپارٹمنٹ سے قطعی طورپر تصفیہ ہونے کے بعد اس بارےمیں
اعلان کیا جاسکے گا - حیدرآباد میں بمقام بلم پلی مکسچر بنانے کی ایک بہت بڑی فیکٹری
ہے - سوپر فاسفیٹ (Super phosphate) کے کافی بڑے پلانٹس وہاں ہیں
فاسفیٹ کےمکسنگ چارجس - (Mixing charges) اور دوسرے چارجس
میں کمی کرکے کاشتکاروں کو مکسچر ۱۰ روپیہ فی تھیلا دیا جارہا ہے - عام طور پر
کاشتکاروں کو یہ ڈر ہے کہ دھان کے ریٹس کم ہونے کے بعد بھی اس کے ریٹس
اتنے ہی رہینگے مگر اتنا ہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمارے مکسچر کی قیمت گورنمنٹ
آف انڈیا کے ریٹ سے بھی کم ہے - ۱۰ روپیہ فی تھیلہ کنٹرول ریٹ کے حساب سے
دے رہے ہیں -

فینانس ڈپارٹمنٹ کے کواپریشن (Co-operation) سے
گذشتہ سال ہم لنٹ سسٹم (Lint system) پر کاشتکاروں
کو دے سکے - اور اس پروسیجر کو سمپلی فائی (Simplify) کرکے
ہاروسٹ (Harvest) پر اس کی قیمتیں نقد وصول کرنے کی بجائے
دھان کی شکل میں وصول کیں - کاشتکار عام طور پر کھاد استعمال کرنا چاہتے ہیں لیکن
وہ بغیر کھاد کے ہی کاشت کرنے کی کوشش کررہے ہیں - ہمارے اس سسٹم کی وجہ سے
کاشتکاروں کو بغیر کسی تکلیف کے کھاد مل رہی ہے اور اس طریقے کی وجہ سے پیداوار
میں اضافہ ہورہا ہے ہمارا تجربہ یہ ہے کہ جہاں ایک من کھاد استعمال کرتے ہیں
وہاں سابقہ پیداوار کے مقابلہ میں پیدوار میں مزید دو من کا اضافہ ہوتا ہے - کھاد کے
عوض میں ایک من پیداوار ہم کو دینے کے بعد بھی اضافہ پیداوار کا ایک من اون کو
بچ رہتا ہے - اس لئے میں کہوں گا کہ اس سسٹم سے کاشتکار بہت خوش ہیں ......

شری ورکا تم گوپال ریڈی - جس طرح مینیور کی سپلائی کا ارینجمنٹ
(Arrangement) کیا گیا ہے اسی طرح آئرن (Iron) کی
سپلائی کا بھی انتظام کیا جائے تو اچھا ہو گا -

ڈاکٹر چنا ریڈی - زنک شیٹس (Zinc sheets) کے بارے میں
ہم کوئی ایسا انتظام فی الوقت نہیں کر سکتے البتہ دوسری ضروریات کی جو چیزیں
ہیں وہ ہم کاشتکاروں کو دے رہے ہیں - اور وہ اس قدر اضافہ کے ساتھ سپلائی کی گئی
ہیں کہ ٹاکاز کی یہ کوشش رہی ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ دیں تاکہ ان کے پاس جو مال
ہے وہ نکل سکے - اس طرح میں سمجھتا ہوں کہ کھاد کی تقسیم کے ساتھ ساتھ آئرن کی
تقسیم کا جو کام ہے وہ بھی پوری طرح سے انجام پا رہا ہے -

ابھی حال میں ہمارے اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے پاس (۷) نئے بورنگ مشین آئے ہیں ۔ کئی سال پہلے خریدے ہوئے ۱۰ بورنگ مشین ہیں ۔ اس طرح جملہ (۱۷) ہیں اضلاع میں ان کی مانگ کس قدر زیادہ ہے اسے آنریبل ممبرس اچھی طرح جانتے ہیں ۔ گذشتہ سال ہم نے سات بورنگ مشین کا آرڈر دیا تھا لیکن اس کے باوجود مزید تعداد کی ضرورت ہے ۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے ٹراکٹرس (Tractors) کے لئے لون (Loan) دینے کا آفر (Offer) کیا ہے ۔ اگر مزید ضرورت ہو تو ہم لون کی شکل میں گورنمنٹ آف انڈیا سے لے سکتے ہیں ۔ بورنگ مشین کی حدتک میں کہوں گا کہ ہم نو پرافٹ نو لاس (No profit no loss) کے اصول پر عمل کررہے ہیں ۔ نو پرافٹ نو لاس کے اصول پر ہم نے بہت کم ریٹ (Rate) پر سپلائی کا انتظام کیا جس کی وجہ سے کاشتکاروں کو کوئی پریشانی نہیں ہوئی اس لئے وہ ایک کامیاب اسکیم سمجھی گئی ہے ۔ ہمارے پاس ایک ٹراکٹر (۴۰۰) ایکڑ سے (۶۰۰) ایکڑ تک زمین جوت سکتا ہے ۔ ہم یونٹس بناکر ٹریکٹروں کا استعمال کررہے ہیں ۔ معمولی سی ریپیرنگ (Repairing) کے لئے اگر ٹریکٹروں کو بیکار ڈال رکھیں تو اس سے نقصان کا اندیشہ رہتا ہے ۔ ہمارے پاس اس اصول پر کام کرنے کی وجہ سے وہ اندیشہ دور ہوگیا اور کامیابی کے ساتھ کام چلایا جارہا ہے ۔

جاپانی طریقہ کاشت پر بعض لوگوں کو اعتراض تھا لیکن جگہ جگہ اس کا تجربہ کیا گیا ۔ ویڈرس (Weeders) بنائے گئے ۔ جس ایریا میں ۲۰-۲۱ آدمیوں کے کام کرنے کی ضرورت ہوتی تھی وہاں صرف دو آدمیوں سے کام پورا ہوسکا ۔ اسی طرح ہم نے دیکھا کہ ٹرانس پلانٹنگ مشین (Transplanting machine) کے ذریعہ اسپیسنگ (Spacing) اور اسٹریٹ لائینس بنانے کی جہاں ضرورت ہوتی ہے وہاں زیادہ لیبر لگاکر کام لینا پڑتا ہے لیکن اس ٹرانس پلانٹنگ مشین کے ذریعہ ایک ایکڑ کی بجائے آٹھ ایکڑ میں آسانی کے ساتھ کام کیا جاسکتا ہے ۔ اس لحاظ سے میں سمجھتا ہوں کہ یقیناً ہم کاسٹ آف پروڈکشن (Cost of production) کم کرسکیں گے ۔ اسی طرح نہ صرف دھان کی حد تک بلکہ دوسرے کراپس میں بھی مینیور کے اچھی طرح دینے کا انتظام کیا گیا ہے ۔ ہم صرف دھان کی حد تک اس کا انتظام کر کے خاموش نہیں بیٹھے ہیں ۔ جوار اور گیہوں کی حد تک بھی ہم ایسا انتظام کررہے ہیں ۔ اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ کے بارے میں مزید تفصیلات بیان کرنے کے لئے وقت نہیں ہے اس لئے میں زیادہ تفصیل میں نہیں جاؤں گا اور اس کو یہیں ختم کرتے ہوئے کمیونیٹی پراجکٹ کے بارے میں عرض کروں گا ۔

(۴۰) لاکھ کا جو مطالبہ ڈیمانڈ نمبر ۳۲) میں ہے اس کے متعلق میں عرض کرونگا کہ ہمارے پاس کافی اسکیمات ہیں لیکن گورنمنٹ آف حیدرآباد نے ڈیفیسٹ بجٹ پیش کرتے ہوئے (Deficit Budget) احتیاط برتی ہے ۔ یہ دیکھنا پڑا ہے کہ ایک کروڑ سے زیادہ جب بجٹ ہے تو ایسی صورت میں کن کن مدات پر رقم الاٹ (Allot

کی جا سکتی ہے - اس لئے ۴۰ لاکھ کے اس فیگر کو ہم ورک اوٹ کر کے پیش نہیں کرسکے - مجھے امید ہے کہ اس سشن (Session) کے برخاست ہونے سے پہلے یعنی ۹-اپریل تک میں ھاؤس کے سامنے تفصیلات پیش کرسکوں گا - میں اسکو مانتا ہوں کہ کمیونیٹی پراجکٹ کے سلسلہ میں رقم رکھی گئی ہے - اس کی تفصیلات ھاؤس کے سامنے نہیں پیش کی جاسکیں - اوسکے ڈیٹیلس (Details) ھاؤز کے سامنے آنے چاھئے تھے لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ کئی مرتبہ آنریبل ممبرس کو میں نے خود دعوت دی کہ وہ خود آئیں اور کمیونیٹی پراجکٹس میں جو کام ہورہا ہے اسکا معائنہ کریں لیکن افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کئی مرتبہ انتظار کے باوجود آنریبل ممبرس سے مایوسی ہوئی - ٹریننگ سنٹرس میں جو کام ہو رہا ہے اس کو دیکھنے کے لئے آنریبل ممبرس کو دعوت دی گئی لیکن وہ نہیں آئے - آپ خود سوچئے کہ میں ان حالات میں کمیونیٹی پراجکٹس کے ڈیٹیلس کیسے پیش کرسکتا ہوں جب کہ وہاں ۲-اکتوبر سے کام شروع ہونے والے ہیں - یا ممکن ہے کہ کہیں جون میں ہی شروع ہوجائیں - جہاں جون میں شروع کئے جاسکیں گے ، کئے جائیں گے - اگر آنریبل ممبرس یہ خیال کرتے ہیں کہ اس کے تفصیلات آنے چاھئیں تو میں کہونگا کہ یہ کوئی صحیح طریقہ نہ ہوگا - شروع میں پلاننگ کمیشن کی طرف سے جب یہ کام شروع کیا گیا تو چند چیزیں زیر غور تھیں - ہمیں ڈیڑھ دو سال سے جو تجربہ ہوا اس کی بناء پر سنٹرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کو یہ خیال ہوا کہ ہمارا اپروچ(Approach) ٹھیک ہے - ہم نے شروع میں ڈوزرس کو ڈیولپمنٹ (Development) کے کام کیلئے الاٹ (Allot) کیا تھا کیونکہ جہاں ہم نے لوکل ڈیولپمنٹ ورکرس کے ذریعہ یہ کام کرانا چاہا تو وہاں کشمکش شروع ہوگئی - دوسری جگہ جو کام ہوئے ہیں اون میں ، میں مثال کے طور پر کہہ سکتا ہوں کہ بیدر اور ظہیرآباد ایسے مقامات ہیں جہاں کے کاٹیویٹرس میں کواپریشن کی اسپرٹ ہے - جب سنٹرل کمیونیٹی پراجکٹس کے اڈمنسٹریٹر آئے تھے تو انہوں نے وہاں کے کام کو دیکھا اور کہا کہ وہاں بہترین کام ہوا ہے کواپریشن کی اسپرٹ موجود ہے - روڈس اور بنگلے بنانے کا کام کچھ اہمیت نہیں رکھتا - کواسپرٹ کے تحت یہ کام ہوا ہے - ہمارے یہاں عوام میں یہ

(Help those people who can help themselves)

اسپرٹ پیدا کرنا ضروری ہے - ایسی صورت میں ہی اس دیش کی بھلائی ہوسکتی ہے - اور اسی صورت میں وہ اس دیش میں برابر کے حقدار سمجھے جاسکتے ہیں - میں نے حال ہی میں اس قسم کے سنٹرس میں اسپورٹس بھی دیکھے - ٹارچ لائیٹ (Torch light) کا کام اس طرح سے کیا گیا جیسے کہ منظم پولس کرتی ہے - والی بال بھی کھیلا جاتا ہے - ممکن ہے کہ اس چیز کو آپ اہمیت نہ دیں لیکن اس سے آپ کو معلوم ہوگا کہ کس طرح وہ اپروچ کررہے ہیں - پرانے ڈھنگ سے دوسروں کو پریشان کرنے سے دیش کی بھلائی نہیں ہوسکتی - لوکل ڈیولپمنٹ بھلا کا آئندہ جون تک بنائے جائینگے - جن تعلقوں میں یہ کام پورے طور پر ہوسکے گا اون تعلقوں میں یہ کام کیا

جائیگا - ایسی جگہوں پر لوکل ڈیولپمنٹ بلاک بنائے جائیں گے جہاں ٹھیک طور پر کام ہوا ہے اور اگر کہیں بھی نہیں ہوا ہے تو وہاں سے شفٹ کرینگے - اکتوبر سے جو کام شروع ہوگا اسکی بناء پر ہم یہ ڈیٹیلس بنائے ہیں - کام کس طرح ہوگا اسکا پیٹرن (Pattern) تو دیش کے سامنے موجود ہے - آنریبل فینانس منسٹر نے اپنی اسپیچ میں اس کی وضاحت کی ہے کہ کس طرح سارے پراجکٹس چلائے جانے والے ہیں - لوکل ڈیولپمنٹ فنڈ کے تحت ایک لاکھ ۹۲ ہزار کی رقم بتائی گئی ہے - اس کی وجہ یہ ہے کہ مارچ کے ختم پر اس کے لیاپس (Lapse) ہو جانے کا ڈر ہے - ہم چاہتے ہیں کہ والنٹیری کوآپریشن (Voluntary co-operation) کے ذریعہ لوکل آفیسرس اور نان آفیشل ملک کام کریں - اور انہیں آنریبل ممبرس آف دی ہاؤس کا بھی تعاون حاصل ہو - میں حال ہی میں نلگنڈہ گیا تھا - میں نے وہاں دیکھا کہ گاؤں گاؤں میں لوکل ڈیولپمنٹ کے تحت اسکول بلڈنگ اور روڈس بنائے جارہے ہیں لوگ خود طئے کرتے ہیں کہ ہم یہاں یہ یہ کام کرنا چاہتے ہیں - وہ دھن دان (धन-दान) اور شرم دان (श्रम-दान) کرتے ہیں - - ایسی صورت میں ہم کیا کریں گے - وہاں ہمارا تعاون بھی ضروری ہے - لوکل ڈیولپمنٹ کمیٹیز میں یہ لوگ صرف شریک ہی نہیں ہوتے بلکہ ڈسپلن کے ساتھ اپنے کاموں کی تفصیلی رپورٹ پیش کرتے ہیں اکراس دی ٹیبل اپنے کاموں کو پلانس سے کمپیر (Compare) کرتے ہیں اور کام کو آگے بڑھاتے ہیں - یہ ایک ویلکم سائین (Welcome sign) ہے - یہی ہمارے ڈیولپمنٹ کی صحیح ضامن ہے - اس لئے کمیونٹی پراجکٹس - نیشنل اکسٹنشن بلاکس اور لوکل ڈیولپمنٹ ورکس کیلئے جو مطالبہ پیش کیا گیا ہے اس کی مزید تفصیل پیش کرنا ممکن نہیں ہے - یہ میں مانتا ہوں کہ اس کو دھرانا نہ چاہئے - کمیونٹی پراجکٹس کے تحت ہمارے پاس ایسے اچیومنٹس (Achievements) ہیں کہ ضرورت کے لحاظ سے اسکول بلڈنگس اور اپروچ روڈس کی تعمیر کے ساتھ ساتھ اکنامک پروگرام کو بھی آگے بڑھایا جائے - اگریکلچر کے ڈیولپمنٹ کیلئے کیٹل - اسٹڈبلس وغیرہ ان سب کو بڑھایا جائے - میں بیدر کی مثال ہاؤس کے سامنے رکھونگا - حال ہی میں میں وہاں گیا تھا - وہاں ایک ایسا عجیب گاؤں ہے جہاں دو - تین سو روپئے کے خرچے سے بہترین باؤلیاں بنائی جاسکتی ہیں - پانی بہت اونچا ہے - اور اس طرح اس گاؤں میں تین ہزار ایکر سے زیادہ رقبہ تری کاشت میں لایا جاسکتا ہے - اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ نے اس سلسلے میں وہاں اپنے انجینیرس بھجوائے اور وہاں کے نان آفیشیلس سے بھی مشورہ کیا - اس ہاؤس کے ایک آنریبل ممبر جو اسی کانسٹی ٹیونسی سے تعلق رکھتے ہیں وہ بھی وہاں موجود تھے - اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ ایک اسکیم بنارہی ہے کہ اس گاؤں میں کس طرح الکٹرک پمپ سٹس لگائے جائیں - اور جنریٹر (Generator) کس طرح چلایا جائے - بہت ممکن ہے کہ کچھ لوگ اس پر اعتراض کریں کہ یہ ایک تماشہ کرنا چاہتے ہیں - لیکن میں کہونگا کہ اگر ممکن ہو تو وہاں ضرور الکٹریسٹی سپلائی کی جانی چاہئے اور وہاں

کے کاشتکاروں کو برابر فائدہ اٹھانے کا سوقع دنیا چاھئے۔ وھاں ۳۰۰ الکٹرک پمپنگ سٹس اور جنریٹر دیئے جاسکتے ھیں۔ نیشکر اگانے اور شوگر بنانے کی غرض سے کوآپریٹیو بیسس پر اس گاؤں کا ڈیولپمنٹ کیا جاسکتا ھے۔ ایسے پروگرام ھیں۔ گذشتہ سال یہ اعتراض ھوا تھا کہ اس طرح کی نمائشی چیزیں کی جاتی رھی ھیں جن سے کوئی فائدہ نہیں ھوتا۔ اس سلسلے میں میں یہ عرض کرونگا کہ بنیادی طور پر ھمیں یہ دیکھنے کی ضرورت ھے کہ گاؤں والے کیا چاھتے ھیں۔ ھمارے پلان میں اس چیز کو جگہ دی جانی چاھئے۔ اسکے لئے نان آفیشیلس۔ یا بھارت سیوک سماج اور ایسی دوسری تنظیموں اور انڈیویجولس (Individuals) کی مدد لیکر جو ایسے پرابلمس میں دلچسپی لیتے ھیں اور ان پر سوچتے ھیں لوکل رکوائیرمنٹس (Local requirements) کو دیکھتے ھوئے ھم آگے بڑھ رھے ھیں۔ ان کاموں کو کمیونٹی پروگرام کے ساتھ جوڑ کر اسکولس کی بلڈنگس۔ اور روڈس وغیرہ بنائے جاتے ھیں۔ یہ طئے کیا جاتا ھے کہ پورے گاؤں میں چونا ڈالا جائیگا۔ اس کے لئے لوگوں کو مجبور نہیں کیا جاتا۔ وہ لوگ اپنی خوشی سے یہ کام کرتے ھیں لوگوں نے مہینے ڈیڑھ مہینے میں بلڈنگس بنائی ھیں۔ ایسے اکنامک پروگرامس (Economic programmes) عمل میں لائے گئے ھیں۔ کئی جگہ ان کے ان اگوریشنس (Inaugurations) ھوئے ھیں۔ اور اوپننگ سریمنیز (Opening creemonies) ھوئی ھیں۔ عموماً پہلے ایسا ھوتا تھا کہ فونڈیشن اسٹون (Foundation stone) تو ڈالدیتے تھے لیکن کام کئی سال میں بھی ختم نہیں ھوتا تھا لیکن اس زمانے میں تو لوگ خود یہ کام انجام دیتے ھیں اور جلد سے جلد کام تکمیل پا جاتا ھے۔ ابھی بھی ھمارے اڈمنسٹریٹیو سٹ اپ (Administrative set-up) میں پی۔ ڈبلیو۔ ڈی اور فینانس کے پراویزنس میں ضروریات کے لحاظ سے کافی ترمیمات کی ضرورت ھے۔ اس کے ساتھ ساتھ لوکل آفیسرس کی ڈفکلٹیز (Difficulties) کو بھی فینانس اور پی۔ ڈبلیو۔ ڈی نے اچھی طرح نوٹ کیا ھے۔ اور کام کو جلد انجام دینے کے لئے سہولتیں دی گئی ھیں۔ میں یہ واضح کردینا چاھتا ھوں کہ گذشتہ ایک ڈیڑھ سال میں اتنا کام نہیں ھوا جتنا کہ میں دعوے کے ساتھ کہونگا کہ آئندہ دو ماہ میں ھونے والا ھے۔ اسلئے کہ یہ مدت تو زیادہ تر سٹ آپ میں گزری۔ اس کو ملحوظ نہ رکھتے ھوئے صرف حسابی لحاظ سے مدت پر اعتراض کریں تو یہ درست نہوگا۔ یہ سوال کرنا درست ھے کہ گذشتہ چند مہینوں میں نظام ساگر پراجکٹ۔ اور دوسرے پراجکٹس کے تحت کتنا کام ھوا۔ جتنا خرچ ھوسکتا تھا اتنا خرچہ تو نہیں ھوا۔ کمیونٹی پراجکٹس میں پرائیرٹی (Priority) کے کاموں کے لئے کافی رقم موجود ھے۔ لیکن اس سلسلہ میں کچھ پریکٹیکل ڈفیکلٹیز (Practical difficulties) ھیں اور کام کو کافی آگے بڑھانے کی گنجائش ھے۔

ایک اور چیز مجھے آئندہ سکنڈ فائیو ایر پلان کے بارے میں عرض کرنی ھے جو سینٹرل پلاننگ کمیشن کے سامنے زیر غور ھے۔ چنانچہ انہوں نے سرکولر نکالا ھے کہ

اسٹیٹ گورنمنٹس سکنڈ فائیو ایر پلان کے بارے میں ابھی سے سوچیں اور غور کریں کہ ڈیموکریٹک کنٹری میں لیونگ (Living) کیسے ہوسکتی ہے - یہ صحیح ہے کہ اس کے لئے کوئی ہارڈ اینڈ فاسٹ رول (Hard and fast rule) تو نہیں بنایاجا سکتا - کوئی رلیجس بک (Religious book) بنا کر اس پر ٹائی ڈاؤن (Tie down) تو نہیں کرسکتے - گذشتہ فسٹ فائیوایر پلان میں بھی همنے وقتا فوقتا کافی تبدیلیاں کیں اور لوگوں کی ضروریات کو ملحوظ رکھتے ہوئے اس کو چلا رہے ہیں - اسی کو ملحوظ رکھتے ہوئے همنے یہ اصول بنایا ہے کہ سکنڈ فائیوایر پلان میں گاؤں کے مقامی لوگوں سے پوچھیں اور معلوم کریں کہ وہ سکنڈ فائیوایر پلان میں اپنے گاؤں میں کیا چیزیں چاہتے ہیں - ان کے کیا رکوائیر منٹس (Requirements) ہیں - ان کی چھان بین کی جا کر ڈسٹرکٹ لیول اور اسکے بعد اسٹیٹ لیول پر غور کرنے کا کام ہمیں کرنا ہے - گذشتہ مہینے سنٹرل پلاننگ کمیشن سے یہ سرکیولر آیا ہے - یہ کام شروع کردیا گیا ہے - اس طرح لوگوں کے وچار معلوم کر کے اسپر کافی سوچ بچار کرنا ہے - اور اس طریقہ سے لوگوں کو پلان کے ساتھ جوڑ دیکر فینانشیل رسورسس (Financial resources) کا فلسٹ یوٹی لائیزیشن (Fullest utilisation) ہوسکیگا - سکنڈ فائیوایر پلان کا کام اس طریقہ پر کیا جارہا ہے - فسٹ فائیوایر پلان جو سنہ ۵۰ ع میں بنا اسکے اسٹیٹ پلاننگ بورڈ میں میں خود ایک نان آفیشیل ممبر کی حیثیت سے شریک تھا - آئندہ پلان کے لئے بھی اسی طرح پلاننگ کمیٹیز بنا کر ڈسٹرکٹ لیول - اسٹیٹ لیول پر سوچا جائیگا اور گورنمنٹ اس کو اسکروٹنائیز (Scrutinise) کر کے سنٹر کے پاس بھجوائیگی - یہ سب اسٹیپس (Steps) اڈاپٹ (Adopt) کئے جارہے ہیں اور کام اس ڈھنگ سے چل رہا ہے - گذشتہ موقع پر چونکہ وقت کی کمی کی شکایت تھی اسلئے یہ کام ابھی سے شروع کیا جارہا ہے اور دو سال پہلے ہی یہ کام لیا جارہا ہے - آج ہمارے پاس ڈسٹرکٹس میں پلاننگ کمیٹیز ہیں - کئی جگہ کی پلاننگ کمیٹیز کے ممبروں نے یہ سوال کیا کہ انہیں کیا کرنا چاہئے تھا؟ همنے انہیں بتایا ہے کہ وہ اپنے پلانس بتائیں کہ وہ کہاں ٹی - بی سینیٹوریم (T. B. Sanatorium) بنانا چاہتے ہیں ، کہاں روڈس بنانا چاہتے ہیں - کہاں دوا خانوں کی ضرورت ہے یہ سب باتیں معلوم ہونیکے بعد انہیں اکزیکیوٹ (Execute) کیا جائیگا - گورنمنٹ آف حیدرآباد نے طئے کیا ہے کہ جو سپلائی کمیٹیز ہیں انہیں پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کمیٹیز میں تبدیل کیا جا کر سکنڈ فائیوایر پلان کا کام انسے لیا جائے اس کے ساتھ ساتھ ہمارے فائیوایر پلان کے مختلف آیٹمس ہیں - ایگریکلچر - وٹرنری (veterinary) کوآپریشن (Co-operation) فوڈ پرابلمس (Food problems) مائینر اریگیشن (Minor irrigation) یہ سب کام ہیں - اس کے ساتھ ساتھ سکنڈ فائیوایر پلان بنانے کا کام بھی ہے - بہت جلد اسکی کمیٹیز بنائی جائینگی اور پرانی کمیٹیز کو ری پلیس (Replace) کیا جائیگا جو سکنڈ فائیوایر پلان

کو طئے کرینگی ۔ اس طرح اس میں لوگوں کی رائے کا صحیح عکس ہوگا ۔ اور چونکہ وقت کافی ہے اس لئے ہم اس ڈھنگ سے ڈسٹرکٹ لیول اور اسٹیٹ لیول پر اڈمنسٹریٹیو پائینٹ آف ویو سے غور کرسکتے ہیں ۔ اور اس کیلئے کافی وقت دے سکینگے ۔

میں اب ولیج لیول ورکس (Village level works) کا ذکر کرونگا ۔ حیدرآباد میں ان کا ایک ٹریننگ سنٹر بنایا گیا ہے ۔ اس کے نیشنل اکسٹنشن بلاکس (National extension Blocks) ہیں ۔ پربھنی میں بھی ایسے بلاکس بہت جلد شروع کئے جائینگے ۔ اس کے ممبرس ہر دس ولیجس کے لئے ایک اور جہاں فینانشیل رسورسس زیادہ ہیں وہاں ہر پانچ گاؤں کے لئے ایک کے حساب سے رکھے جائینگے ۔ جو ولیج لیول پر کئے جانے والے کام کا اکزیکیٹیو ہیڈ ہوگا ۔ کیونکہ گاؤں میں ہم دیکھتے ہیں کہ وہاں کے لوگ یہ پوچھتے ہیں کہ ہم تفصیلات کس آدمی سے معلوم کریں ۔ کسی آفیشیل سے پوچھتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو پبلک ہلتھ کا معاملہ ہے دوسرے کے پاس جائیے ۔ تیسرے کے پاس جائیے ۔ اس سے گاؤں والوں میں وشواس پیدا نہیں ہوسکتا ۔ اسی لئے جس طرح کلکٹر کے پاس ڈسٹرکٹ کے تمام معاملات کے لئے ریپریزنٹیشن ہوتا ہے اسی طرح اس ممبر کو تمام ڈپارٹمنٹس کے منیمم معلومات دیکر رکھا جائیگا ۔ میں ہاؤس کے تمام آنریبل ممبرس کو دعوت دیتا ہوں کہ اگر انہیں دلچسپی ہو اور فرصت ہو تو وہ ولیج لیول ورکرس کے ٹریننگ سنٹر پر تشریف لیجائیں ۔ اس سے انہیں وہاں کے کام کا اندازہ ہوگا اس سے ان لوگوں کی ہمت افزائی بھی ہوگی انہیں آپ کا آشرواد بھی ملیگا ۔ اور انکریجمنٹ (Encouragement) بھی ۔ اور اگر بہت زیادہ تعداد میں آنا چاہتے ہیں تو میں ڈپارٹمنٹ کی طرف سے ٹرانسپورٹ کا انتظام بھی کرونگا ۔

شری شیشں راؤ واگھمارے (نانگہ) ۔ ظہیر آباد بھی لیجانا چاہئے ۔

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ جہاں جہاں بھی یہ کام ہورہا ہے وہاں جاسکتے ہیں ۔ گزشتہ سال کمیونٹی پراجکٹ کے تحت جاپانی میتھڈ سے جو کاشت ہوئی ہے آنریبل ممبرس کو وہاں بھیج کر بتانے کا ایک پلان تھا ۔ لیکن بدقسمتی سے ساری تفصیلات مکمل ہونے کے بعد عین وقت پر آخری وقت میں اس پلان کو ڈراپ (Drop) کرنا پڑا ۔ بہرحال جو بھی آنریبل ممبرس اس کام میں دلچسپی لیتے ہیں انکے ساتھ بیٹھکر ہم سوچ سکتے ہیں ۔ اور وقت نکالکر اسمبلی سشن کے دوران میں یا اسکے ختم پر اسطرح کا پروگرام طے کرسکتے ہیں ۔ ظہیر آباد ۔ بیدر ۔ سنگا ریڈی ۔ یا ایسے دوسرے مقامات پر آنریبل ممبرس اسکو دیکھ سکتے ہیں ۔ اگر آنریبل ممبرس وقت دے سکتے ہیں اور انہیں دلچسپی ہے تو انہیں تنگبھدرا تک بھی لیجایا جاسکتا ہے ۔ اسکے تفصیلات بعد میں طئے کئے جاسکتے ہیں ۔

میں ولیج لیول ورکرس کا جو ذکر کر رہا تھا اس سلسلہ میں اتنا ہی کہوں گا وہ ذمہ داری کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں ۔ لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرنے سے بہتر

طریقه پر ترقی هو رهی هے ۔ هر ولیج اور هر تعلقه کے عوام کو هم آگے بڑھانا چاهتے هیں ۔ هم نے اس میں میٹریکولیشن کی شرط لگائی هے ۔ اور ڈپارٹمنٹ کی یه خواهش هے که عورتیں بهی اس میں شرکت کریں ۔ اب حیدرآباد میں ایسے جو سنٹرس کام کرر هے هیں ان میں ملگ اور بانسواڑہ میں (Women Social Organisers) ایک دو ویمن سوشل آرگنائزرس انڈر ٹریننگ هیں ۔ آپ یه جان کر خوش هوں گے که سنٹرل گورنمنٹ نے حیدرآباد گورنمنٹ کی شیرنگ (Sharing) سے ایک ولیج لیول ٹریننگ سنٹر قائم کیا هے ۔ جس میں چار پانچ اور اسٹیٹس کے رپریزنٹیٹیوز بهی شریک هوے هیں ۔ اسی طرح آئنده مهینے میں ایک سنٹر، بلاک ڈیولپمنٹ کے نام سے سنٹرل گورنمنٹ کے خرچه سے (اس میں همارا کوئی خرچه نهیں هے) چلایا جائےگا ۔ آپ یه جان کر اور بهی خوش هوں گے که اس میں وائس پرنسپل اور پرنسپل کی حیثیت سے همارے پاس سے دو آفیسروں کو چنا گیا هے ۔ یه حیدرآباد کی خوش قسمتی کهئے یا اس کا جیو گرافیکل پوزیشن (Geographical position) که سنٹرل گورنمنٹ کی طرف سے جتنے سنٹر الائزڈ (Centralised) کام سدرن زون (Southern zone) کے ضمن میں کئے جاتے هیں ان کے لئے حیدرآباد کو سنٹر کی حیثیت سے چنا جاتا هے ۔ نیز وٹرنری ڈپارٹمنٹ اور دیگر کاموں کے لئے بهی حیدرآباد هی کو سنٹر بنایا گیا هے ۔ عثمانیه یونیورسٹی سے بهی یه نگوسی ایشنس چل رهے هیں که حمایت ساگر پر اگریکلچر ڈیولپمنٹ فنڈ کمیٹی نے ۱۰ لاکھ روپے دینا طے کیا هے ۔ اسی طرح اکسٹنشن بلاکس کالج کام کرے جسکے لئے بڑھانے کے سلسله میں بهی سنٹرل گورنمنٹ نے طے کیا هے اور اس میں حیدرآباد گورنمنٹ بهی اپنا شیر (Share) دیگی ۔ ان تمام چیزوں کے بتلانے سے میرا مطلب یه هے که ترقی کے لئے جتنے صحیح راستے هوسکتے هیں گورنمنٹ ان تمام کو اختیار کرنے کی کوشش کر رهی هے ۔ هم ایسے بهت سے اسٹیٹس دیکھتے هیں جهاں اگریکلچرل گراجویٹس نهیں ملتے ۔ وٹرنری گراجویٹس نهیں ملتے ۔ مڈیکل گراجویٹس نهیں ملتے ۔ لیکن یه هماری خوش قسمتی هے که جتنے بهی ڈیولپمنٹ ورکس هم قائم کرتے هیں ان سب کے لئے کافی تعداد میں همیں ٹیکنیکل هینڈس ملتے هیں اور همارے کام برابر جاری هیں ۔ اور یه بهی همارے لئے باعث مسرت هے که هماری اڈمنسٹریٹیو سٹ اپ میں اتنا چینج هوا هے که وه بطور خود ان کاموں کو اپناتے هیں ۔ چنانچه حال هی میں میں نے دیکھا هے که نلگنڈه کوارٹر پر کلکٹر سے لیکر دوسرے نیچے کے عهده دار جو مختلف ڈپارٹمنٹس کے هیں مثلاً پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ پولیس وغیره سارے کے سارے لوگ میونسپالٹی کے ایک دو ولیجس کو چن لیکر وهاں سنٹرل پاڈیز بنائے هیں ۔ وهاں سڑکیں موریاں اور صفائی کا کام کررهے هیں ۔ وه لوگ جتنے بهی کام جو ایک گاؤں میں کئے جاسکتے هیں اون کے کرنے میں مصروف هیں ۔ اس میں نه صرف عام لوگ بلکه کلکٹر اور ڈی ۔ یس ۔ پی ۔ تک بهی حصه لے رهے هیں ۔ وهاں اسٹوڈنٹس آتے هیں ۔ نان آفیشیلس آتے هیں اور تقریباً ۸ سو آدمی ایک مشنری کی طرح کام کر رهے هیں ۔ اس طرح لوگوں میں کوآپریشن کی اسپرٹ پیدا هوتی هے ۔ ایز آفیشیلس اور نان آفیشیلس

کا جو پرابلم تھاوہ اب باقی نہیں ہے - پہلے جو ٹسل (Tussle) تھا اب وہ ختم ہوچکا ہے اس کی جگہ ہارمونیس ریلشینس (Harmonious relations) خوشگوار تعلقات پیدا ہوئے ہیں - ہمارے جتنے بھی ڈیولپمنٹ ورکس ہیں وہ بہت پاپولر (Popular) ہو رہے ہیں - خاص طور پر پنڈت جواہر لعل نہرو جس اسپرٹ کو بتلانا چاہتے ہیں اس کو ہم امپلیمنٹ (Implement) کر رہے ہیں - اس موقع پر میں یقینا ہمارے آفیسرس کو مبارکباد دوں گا کہ انہوں نے لوگوں کی نیڈس (Needs) اور کنٹری (Country) کے رکوائرمنٹس (Requirements) کو پورا کرنے کے لئے پبلک اسپرٹ کے ساتھ ان کے سرونٹس ہونے کے ناتے آگے بڑھ کر بہت اچھا کام کیا ہے - ممکن ہے کہ اس میں کچھ کوتاہیاں اور خامیاں بھی ہوں کیونکہ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ سب کچھ ٹھیک ہی ٹھیک ہے لیکن پھر بھی جو اسپرٹ کارپرداز ہے اور جو اپروچ ہے وہ کم ازکم ٹھیک ہے اورقابل تعریف ہے - یہ میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ نیشنل اکسٹنشنس بلاکس کا کام - چند اسکول بلڈنگس اور چند سڑکیں بنانے پر ہی ختم نہیں ہوتا بلکہ ہمیں کنٹری کوٹرانسفارم کرنا ہے اور ہمارے لوگوں کی ذہنیت کو تبدیل کرنا ہے - لیکن لوگوں میں اس قدر اسپرٹ ہے کہ بعض جگہ انہوں نے یہ کہا کہ اس عظیم ترکام کے لئے اتنا ہی روپیہ کیوں ؟ ۲۱ یا ۲۲ لاکھ اس کے لئے دینا کافی نہیں ہے - اس کے لئے کچھ لاکھ روپیہ کافی نہیں بلکہ موبیلائزیشن (Mobilisations) ایک انوالیو ایبل ورک ہے (Invaluable work) جس کا اندازہ لاکھوں میں نہیں کیا جا سکتا - لوکل ڈیولپمنٹ ورکس کے لئے سنٹر نے تقریبا ۳ کروڑ روپئے تقسیم کئے ہیں اس لحاظ سے امید ہے کہ ۲۰ - ۲۱ لاکھ ہم کو ملنے والے ہیں - مگر اس کے لئے اور بھی روپیہ کی ضرورت ہو تو ہم سپلیمنٹری گرانٹس طلب کریں گے - ڈسٹرکٹ بورڈ نے ۱۸ لاکھ روپیہ کنٹریبوٹ کیا ہے لیکن اس سے بڑھکر پبلک نے اپنے ہاتھوں سے مزدور کا کام کیا جس کی مزدوری کا اندازہ کرنا مشکل ہے - اس لحاظ سے آئندہ سال کے لئے اندازاً یہ کہا جاسکتا ہے کہ کم سے کم ۷۰ لاکھ روپیہ لوکل ڈپارٹمنٹ ورکس کے نام پر رکھنا پڑیگا تاکہ ڈیولپمنٹس پراجکٹس اور ڈیولپمنٹ بلاکس ان سب سے ہٹ کر بھی یہ کام کئے جاسکیں -

میں ہاوز کا کافی وقت لے چکا ہوں اس لئے اس ڈیمانڈ کے سلسلہ میں جب کہوں گا تو اور زیادہ تفصیلات ہاوس کے سامنے پیش کروں گا - مجھے امید ہے کہ جو اٹماسفیر ہم کریئیٹ کررہے ہیں اس کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کی جارہی ہے - لیکن اس سلسلہ میں مجھے یہ بھی کہنا ہے کہ ہیبیچویل واک اوٹ (Habitual work out) ہورہا ہے - ہیبیچویل افنڈر (Habitual offender) گورنمنٹ ہے یا نہیں میں بیان کرنا نہیں چاہتا - لیکن یہ کہوں کہ گذشتہ دو تین سال سے بجٹ سے متعلق زیادہ تفصیلات فینانس ڈپارٹمنٹ دیرہے ہیں اس کو اپرشیٹ (Appreciate) نہ کرتے ہوئے میں افنڈر (Offender) تو نہیں کہوں گا لیکن یہ کہوں گا کہ اسی ڈھنگ سے کام کرنا کوئی ٹھیک طریقہ نہیں ہوسکتا - ہم دیکھتے ہیں

کہ ہمیشہ جا و بیجا کرٹیسیزم کرتے رہنے سے کرٹیسیزم کا جو جواز ہونا چاہیئے وہ نہیں ہوتا ۔ بلکہ اچھے کنونشنس (Conventions) ڈالنے سے ہی ہم کنونشنس ڈیولپ کرسکتے ہیں۔ ہر چیز سے متعلق مسلسل اعتراض کرنے کا جو ڈھنگ ہاؤس میں اختیار کیا گیا ہے وہ مناسب نہیں ۔ یہاں میجاریٹی سے پاس کرنے کی باتیں کی جاتی ہیں اس سے ہاؤس میں کیا اثر ہوتا ہے اس کے سوا باہر کے لوگوں اور ملک پر کیا اثر پڑنے والا ہے اس کے دیکھنے کی ضرورت ہے ۔ لوگ یہ دیکھینگے کہ کیا ہورہا ہے ۔ اگر چیکہ پڑھے لکھے لوگ بہت کم ہیں لیکن وہ جان سکتے ہیں کہ ہاؤس میں کیا ہوتا ہے ۔ لیکن جو ڈھنگ اختیار کیا گیا ہے وہ ہمارے ڈیمو کریٹک کنونشنس (Democratic conventions) کو سٹاپ کرنے کے لئے اچھا طریقہ نہیں ہوسکتا ۔ لیکن پھر بھی مجھے امید ہے کہ وہ ۵۰ لاکھ کے ڈیمانڈ پر بحث میں حصہ لینگے اور تفصیلات دیکھنے کے بعد مطمئن ہو جائیں گے ۔ پھر بھی میں کہوں گا کہ بجٹ کا کام کافی اہمیت کا ہوتا ہے اور اس سے زیادہ پبلک فورس جو آنریبل ممبرس کے ساتھ ہے اس کے لئے خود اپنے پولٹیکل اگزسٹنس (Political Existence) کے لئے بھی انہیں ان چیزوں میں حکومت کا ہاتھ بٹانا ضروری ہے کیونکہ نگیٹیو (Negative) ڈھنگ سے کچھ نہیں ہوسکتا بلکہ پارٹیز کو آپریشن (Positive co-operation) ہی کی ضرورت ہوتی ہے اور ہونا چاہیئے ۔ بارگیننگ (Bargaining) ہی کی ضرورت ہے ڈپارٹمنٹ یہ چاہتا ہے کہ زیادہ پیسہ لے ۔ لیکن فینانس منسٹر اسکی تنقیح کرتے ہیں کہ زیادہ پیسہ دیا جاسکتا ہے یا نہیں اور اب بھی فینانس منسٹر نے ان آبجکشنس کے بارے میں یہ وضاحت کی کہ یہ ڈیمانڈس کانسٹیٹیوشنل ہیں اور ان کی تفصیلات بھی ہاؤس کے سامنے رکھیں ۔ اس لئے آخر میں پھر ایک بار تعاون عمل کی اپیل کرتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

*Demand No. 32–**Agriculture–Rs.*** **72, 35, 420**

Mr. Deputy Speaker **: The question is :**

"That a sum not exceeding Rs. 72,35,420 under Demand No. 32 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

***Demand No.* 49—*Loss on Food administration—Rs.* 10,00,000**

Mr. Deputy Speaker : **The question is :**

"That a sum not exceeding Rs. 10,000,00 under Demand No. 49 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

*Demand No. 70—Agricultural Lands—Rs.*3,02,000

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That a sum not exceeding Rs. 3,02,000 under Demand No. 70 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Demand No. 78 — Development under Tungabhadra Project—Rs. 21,43,000

Mr. Deputy Speaker: The question is:

"That a sum not exceeding Rs. 21,43,000 under Demand No 78 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The motion was adopted.

Demand No. 83—Community Projects---Rs. 81,41,000

Mr. Dputy Speaker: The question is:

"That a sum not exceeding Rs. 81,41,000 under Demand No. 83 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges that would come for payment during the course of the year ending 31st day of March, 1955. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

The mction was adopted.

The House then adjourned till Half Past Eight of the Clock on Tuesday, the 23rd March, 1954.